ONE NATION
ONE PASSION
PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# جنوبی افریقہ کے خلاف بیس رکنی قومی ٹیسٹ اسکواڈ کا اعلان کردیا گیا

- عبداللہ شفیق، حارث رؤف، عمران بٹ، کامران غلام، نعمان علی، سلمان علی آغا، سعود شکیل، ساجد خان اور تابش خان قومی ٹیسٹ اسکواڈ کا حصہ
- ڈومیسٹک کرکٹ میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کی قدر کرتے ہیں، چیف سلیکٹر محمد وسیم
- حارث سہیل، محمد عباس، شان مسعود اور ظفر گوہر کو اسکواڈ سے ڈراپ کردیا گیا، چاروں کھلاڑی ہائی پرفارمنس سنٹر کے کوچز کے ساتھ کام کریں گے
- ہیمسٹرنگ میں کھیچاؤ کی شکایت کی وجہ سے نسیم شاہ کو سلیکشن کے لیے زیر غور نہیں لایا گیا

**کراچی،15 جنوری 2021ء:**

قومی کرکٹ ٹیم کی سلیکشن کمیٹی نے جنوبی افریقہ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے بیس رکنی قومی اسکواڈ کا اعلان کردیا ہے۔ اعلان کردہ اسکواڈ میں 9 کھلاڑی ایسے ہیں جو اب تک ٹیسٹ کرکٹ میں پاکستان کی نمائندگی نہیں کرسکے۔ دونوں ٹیموں کے مابین 2 ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا آغاز 26 جنوری سے کراچی میں ہوگا۔

ٹیسٹ سیریز میں شرکت کی غرض سے قومی اسکواڈ 19 جنوری کو بائیو سیکیور ببل میں داخل ہوگا جبکہ 16 رکنی حتمی اسکواڈ کا اعلان پہلے ٹیسٹ میچ سے قبل کردیا جائے گا۔

قومی ٹیسٹ اسکواڈ میں شامل کیے گئے 9 نئے کھلاڑیوں میں اوپنرز عبداللہ شفیق اور عمران بٹ کے علاوہ مڈل آرڈر بیٹسمین کامران غلام، سلمان علی آغا اور سعود شکیل سمیت اسپنرز نعمان علی، ساجد خان، فاسٹ باؤلرز تابش خان اور حارث رؤف شامل ہیں۔ ان کھلاڑیوں کو ڈومیسٹک سیزن 21-2020 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی بدولت قومی اسکواڈ کا حصہ بنایا گیا ہے۔

آلراؤنڈر حسن علی کی دو سال بعد قومی ٹیسٹ اسکواڈ میں واپسی ہوئی ہے۔ قائداعظم ٹرافی میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر آلراؤنڈر حسن علی کو ٹورنامنٹ اور فائنل کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا تھا۔ اس سے قبل 9 ٹیسٹ میچوں میں پاکستان کی نمائندگی کرنے والے حسن علی نے آخری مرتبہ جنوبی افریقہ کے خلاف جوہانسبرگ میں ٹیسٹ میچ کھیلا تھا۔ انہوں نے قائداعظم ٹرافی میں 43 وکٹیں حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ 273 رنز بھی بنائے تھے۔ ایونٹ کے فائنل میں 129 رنز کے عوض پانچ وکٹیں حاصل کرنے والے حسن علی نے دوسری اننگز میں 106 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی تھی۔

قومی ٹیسٹ اسکواڈ میں کم بیک کرنے والے دوسرے کھلاڑی محمد نواز ہیں، جنہوں نے قائداعظم ٹرافی میں 744 رنز بنانے کے ساتھ ساتھ 22 وکٹیں اپنے نام کیں۔ انہوں نے ایونٹ کے دوران دو مرتبہ ایک اننگز میں 5 وکٹیں حاصل کی تھیں۔ انہوں نے آخری مرتبہ 2016 شارجہ میں ویسٹ انڈیز کے خلاف پاکستان کی نمائندگی کی تھی۔

اعلان کردہ بیس رکنی اسکواڈ میں دو آلراؤنڈرز محمد نواز اور فہیم اشرف کے علاوہ کُل تین اوپنرز، چھ مڈل آرڈر بیٹسمین، دو وکٹ کیپرز، تین اسپنرز اور چار فاسٹ باؤلرز شامل ہیں۔

نیوزی لینڈ کے خلاف کرائسٹ چرچ ٹیسٹ میں پاکستان کی نمائندگی کرنے والے حارث سہیل، محمد عباس، شان مسعود اور ظفر گوہر کو قومی ٹیسٹ اسکواڈ سے ڈراپ کردیا گیا ہے۔ حارث سہیل، محمد عباس اور شان مسعود کو نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر لاہور میں طلب کرلیا گیا ہے، این ایچ پی سی کے کوچز ان تینوں کھلاڑیوں کی تکنیکی خامیوں پر ان کے ساتھ کام کریں گے۔ کرائسٹ چرچ ٹیسٹ میں ڈیبیو کرنے والے ظفر گوہر سلیکٹرز کے طویل مدتی پلانز کا حصہ ہیں تاہم فی الحال ان کی صلاحیتوں میں مزید نکھار لانے کے لیے انہیں بھی نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر کے کوچز کے ساتھ کام کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

نوجوان فاسٹ باؤلر نسیم شاہ کی جانب سے ہیمسٹرنگ میں کھیچاؤ کی شکایت کرنے پر ان کا نام سلیکشن کے لیے زیر غور نہیں لایا گیا۔ وہ جلد نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر میں اپنے ری ہیب پروگرام کا آغاز کردیں گے۔

**بیس رکنی اسکواڈ:**

**اوپنرز:** عابد علی (سنٹرل پنجاب)، عمران بٹ (بلوچستان) اور عبداللہ شفیق (سنٹرل پنجاب)

**مڈل آرڈر بیٹسمین:** بابر اعظم (کپتان، سنٹرل پنجاب)، اظہر علی (سنٹرل پنجاب)، فواد عالم (سندھ)، کامران غلام (خیبر پختونخوا)، سلمان علی آغا (سدرن پنجاب) اور سعود شکیل (سندھ)

**آلراؤنڈرز:** فہیم اشرف (سنٹرل پنجاب) اور محمد نواز (ناردرن)

**وکٹ کیپرز:** محمد رضوان (نائب کپتان، خیبر پختونخوا) اور سرفراز احمد (سندھ)

**اسپنرز:** نعمان علی (ناردرن)، ساجد خان (خیبر پختونخوا) اور یاسر شاہ (بلوچستان)

**فاسٹ باؤلرز:** حارث رؤف (ناردرن)، حسن علی (سنٹرل پنجاب)، شاہین شاہ آفریدی (خیبر پختونخوا) اور تابش خان (سندھ)

**محمد وسیم، چیف سلیکٹر قومی کرکٹ ٹیم:**

قومی کرکٹ ٹیم کے چیف سلیکٹر محمد وسیم کا کہنا ہے کہ وہ پہلی مرتبہ قومی ٹیسٹ اسکواڈ کا حصہ بننے والے تمام کھلاڑیوں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، یہ نو کھلاڑی اب کرکٹ کے سب سے اہم فارمیٹ میں پاکستان کی نمائندگی کرنے سے صرف ایک قدم دور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان نو کھلاڑیوں کے لیے ایک بہترین موقع ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کریں تاکہ وہ مستقل جگہ بنا سکیں۔

محمد وسیم نے کہا کہ ان کھلاڑیوں نے کوویڈ 19 کی عالمی وباء کے باوجود ڈومیسٹک کرکٹ میں شرکت اور پھر شاندار کارکردگی کی بدولت قومی ٹیسٹ اسکواڈ میں جگہ بنائی ہے، ان کھلاڑیوں کی شمولیت سے ایک بار پھر یہ واضح ہوگیا ہے کہ ڈومیسٹک کرکٹ میں

نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کی قدر کی جاتی رہے گی، جو کھلاڑی بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کے خواہشمند ہیں تو وہ ڈومیسٹک کرکٹ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرکے سلیکٹرز کی توجہ حاصل کرسکتے ہیں۔

چیف سلیکٹر نے کہا کہ جو کھلاڑی قومی اسکواڈ میں جگہ بنانے میں کامیاب نہیں ہوسکے، وہ پرعزم رہیں اور اپنی فارم اور فٹنس پر کام کرتے رہیں کیونکہ ابھی رواں سال پاکستان کو بہت کرکٹ کھیلنی ہے اور لہٰذا ممکنہ طور پر انہیں دیگر مواقع پر نمائندگی کا موقع مل سکتا ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ شان مسعود، محمد عباس اور حارث سہیل کی کارکردگی میں تسلسل نہیں تھا، جس کے باعث انہیں اسکواڈ سے ڈراپ کیا گیا ہے تاہم پی سی بی نے ان کھلاڑیوں پر بہت سرمایہ کاری کررکھی ہے، لہٰذا انہیں نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر میں مدعو کرلیا گیا ہے جہاں موجود کوچز ان کی تکنیکی خامیوں پر کام کریں گے۔

محمد وسیم کا کہنا ہے کہ شان مسعود کی کارکردگی میں عدم تسلسل کے باعث عابد علی اب ایک نئے پارٹنر کے ساتھ میدان میں اتریں گے، حال ہی میں نیوزی لینڈ کا دورہ کرنے والے عبداللہ شفیق یا عمران بٹ (گزشتہ سیزن کے ٹاپ اسکورر) میں سے کوئی ایک کھلاڑی ان کے ساتھ اوپننگ کرے گا، اسی طرح کامران غلام (1249 رنز)، سعود شکیل (970 رنز) اور سلمان علی آغا (941 رنز) اب اظہر علی، بابر اعظم اور فواد عالم کے ہمراہ پاکستان کی مڈل آرڈر بیٹنگ لائن اپ کو مزید تقویت بخشیں گے۔

انہوں نے کہا کہ نسیم شاہ اور شاداب خان ری ہیب پروگرام کے باعث دستیاب نہیں ہیں، لہٰذا سلیکٹرز نے آرم اسپنر نعمان علی، آف اسپنر ساجد شاہ، فاسٹ باؤلرز حارث رؤف اور تابش خان کو جنوبی افریقہ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے ابتدائی بیس رکنی اسکواڈ میں شامل کرلیا ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ اسپنر زاہد محمود کا کیس بہت مضبوط تھا تاہم ہم نے فی الحال چار نا تجربہ کار اسپنرز کے ساتھ سیریز میں جانے کا فیصلہ کیا ہے، یاسر شاہ بین الاقوامی کرکٹ کے دباؤ کو سمجھتے ہیں اور وہ اس سطح پر تمام تر توقعات سے مکمل آشناء ہیں۔

چیف سلیکٹر نے کہا کہ انہوں نے تابش خان کو سہیل خان پر اس لیے ترجیح دی ہے کیونکہ وہ پاکستان کے حالات میں زیادہ مؤثر اور کارآمد ہیں، محمد عباس کی طرح تابش خان بھی طویل اسپلز کرنے میں عبور رکھتے ہیں، دائیں ہاتھ کے فاسٹ باؤلر نے فرسٹ کلاس کیرئیر میں کُل 598 وکٹیں حاصل کررکھی ہیں، جس میں سے 30 وکٹیں رواں سیزن میں حاصل کی گئی ہیں۔

-ENDS-

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

**HELP PREVENT CORONAVIRUS**

WASH HANDS
KEEP THE DISTANCE
AVOID CROWD
WEAR MASK
COUGH IN THE ELBOW
KEEP HYDRATED
STAY AT HOME

**National Team Partners** | **Domestic Partners** | **Broadcast Partners**



**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial